## سوال

(678) تشہد میں نمازِجنازہ والی دعا پڑھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فرض نماز کے تشہد میں کوئی عزیز، دوست، والدین یاد آجائیں تو کیا نمازِجنازہ والی دعا ان کی مغفرت کےلیے پڑھی جاسکتی ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر جواز ہے۔ حدیث میں ہے:

ثُمَّ لِیَتَخَیَّرْ مِنَ الدُّعَاءِ اَعْجَبَہٗ اِلَیْہِ ' متفق علیہ بحوالہ مشکوٰۃ مع مرعاۃ المفاتیح: ۱/۶۶۱، صحیح البخاری: بَابُ مَا یُتَخَیَّرُ مِنَ الدُّعَاءِ بَعْدَ التَّشَہُّدِ وَلَیْسَ بِوَاجِبٍ، رقم: ۸۳۵

''پھر جو دعا نمازی کو زیادہ پسند ہو پڑھ لے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 576**

محدث فتویٰ